24/05/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ فاروق احمد سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں نیتی آیوگ کی دسویں گورننگ کونسل کی میٹنگ کی صدارت کریں گے ۔ اس سال کا موضوع ہے وکست راجیہ فار وکست بھارت @2047 ۔ اس میٹنگ میں وکست بھارت 2047 کے ضمن میں وکست راجیہ کے نقطہ نظر پر تبادلہ خیال ہو گا. اس میٹنگ میں تمام وزرائے اعلیٰ ، لیفٹنٹ گورنر س کے ساتھ ساتھ مرکزی وزراءبھی شرکت کریں گے ۔

ملاقات

شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی نےلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے سرینگر میں ملاقات کی ۔ انہوں نے ایل بھیڑ کی تحقیق کی پیش رفت پر جانکاری دی ۔ Gene Edited جی کو ملک کے پہلے تیار کردہ انہوں نے یونیورسٹی کی طرف سے اٹھائے جا رہے تدریسی و تحقیقی اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا ۔

وفد

غیر ملکی دوروں پر گئے کثیر جماعتی پارلیمانی وفود کا عالمی لیڈروں کے ساتھ ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے ۔ DMK لیڈر اور پارلیمنٹ ممبر کے کرونا ندھی کی قیادت میں روس کے دورے پر گئے وفد نے روسی حکام کے ساتھ سلسلہ وار ملاقاتوں میں انہیں دہشت گردی کے خلاف بھارت کے موقف سے آگاہ کیا ۔

سنجے جھا کی قیادت والے وفد نے ٹوکیو جاپان میں کئی ممالک MP اِدھر جنتا دل یونائٹڈ کے کے سفیروں اور جاپان کے کچھ وزیروں کے ساتھ ملاقات کی اور انہیں آپریشن سندور کے علاوہ دہشت گردی کے خلاف بھارت کی لڑائی کے بارے میں بتایا ۔

شو سینا لیڈر اور پارلیمنٹ ممبر شری کانت شنڈے کی قیادت والا وفد متحدہ عرب آمارات کے دورے پر ہے ۔

دریں اثناءخارجہ سیکریٹری وِکرم مسری نے کل باقی چار وفود کے سربراہوں کے ساتھ ملاقات کی ۔ یہ وفود دیگر کئی ممالک کے دورے پر روانہ ہو رہے ہیں ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں آبی ٹرانسپورٹ کی سہولیات کی دستیابی عنقریب ایک حقیقت بن جائے گی ۔ اس بات کا اظہار انہوں نے سرینگر میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے کیا ۔ انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر کے دریاو

ں میں نہ صرف ماحولیات کو پائیدار بنانے کی وسیع گنجائش ہے بلکہ یہ دریا سڑک اور ۂ رابطوں کا مضبوط متبادل فراہم کر سکتے ہیں ۔

ایک علیحدہ میٹنگ میں چیف سیکرٹری نے ڈیجیٹل انڈیا لینڈ ریکارڈ ماڈرنائیزیشن پروگرام کی پیش رفت کا بھی جائیزہ لیا۔انہوں نے محکمہ ریونیو کے افسران سے کہا کہ وہ ڈیجیٹلائیزیشن کا کام مقررہ وقت کے اندر مکمل کرنے کی کوششیں کریں ۔

DGP

ڈائریکٹر جنرل پولیس نلن پربھات نے کشتواڑ ضلع کے سنگ پور چھاترو علاقے کا دورہ کر کے وہاں حالات کا جائزہ لیا ۔ اس علاقے میں ایک بڑی ملی ٹنٹ مخالف کاروائی جاری ہے ۔ جموں کے IGP ۔ اور دیگر سینئر پولیس افسران ان کے ہمراہ تھے DGP نے حفاظتی دستوں کو ملی ٹنٹوں کے ساتھ سختی سے نمٹنے کی ہدایت دی ۔

SIA

سٹیٹ انویسٹگیشن ایجنسی نے کل جموں صوبے کے چار اضلاع میں 18 مقامات پر چھاپے مارے ۔ یہ چھاپہ مار کاروائی کشتواڑ ضلع میں 15 مقامات کے علاوہ راجوری، رام بن اور رام نگر ادھمپور میں انجام دی گئی ۔ کاروائی کے دوران کچھ قابل اعتراض مواد بر آمد کیا گیا ۔

Obstetric Fistula

Obstetric Fistula خواتین میں پر لگنے والی بیماری پر قابو پانے کے لئے طبی ماہرین کا ماننا ہے کہ احتیاطی تدابیر اور طبی مشوروں پر عمل پیرا ہو کر اس بیماری پر قابو پایاجا سکتاہے۔

اس ضمن میں سکمز میڈیکل کالج اسپتال صورہ سرینگر کے شعبہ Obstetrics & Gynaecology کی اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر نادیہ خورشید نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

........Dr. Nadiya........

منشیات

انسداد دمنشیات کی اپنی کاروائیوں کو جاری رکھتے ہوئے کپواڑہ پولیس نے ریڈیو سٹیشن کپواڑہ کے قریب ناکہ لگا کر ٹِکر کپواڑہ کے شہزاد احمد شیخ نامی ایک منشیات فروش کو گرفتار کیا ہے ۔ اس کے قبضے سے نشیلی ادویات کی کچھ مقدار بر آمد کی گئی ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت18 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 28 اعشاریہ 9 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ